IESCO PRESS RELEASE آئیسکو پریس ریلیز
Public Relation Section
Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)

# چیف ایگزیکٹو آئیسکو 26 اگست 2025 فیس بک لائیو اور ٹیلی فون پر آئیسکو ریجن کے صارفین کی شکایات سنیں گے۔

## ترجمان آئیسکو

اسلام آباد:25 اگست 2025

ترجمان آئیسکو کی جاری پریس ریلیز کے مطابق چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود مورخہ 26 اگست 2025 (بروز منگل) صبح 09:00 تا دن 11:00 بجے تک اسلام آباد۔ راولپنڈی سٹی ۔ راولپنڈی کینٹ ۔ اٹک ۔ جہلم ۔ چکوال سرکلز اور گردونواح کے آئیسکو صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل سنیں گے اور اُن کے بروقت حل کے لئے موقع پر ہی متعلقہ دفاتر کو بھیج دیا جائے گا۔ صارفین چیف ایگزیکٹو سے بات کرنے اور اپنے بجلی سے متعلقہ مسائل کے اندراج اور ازالے کیلئے فیس بک آئی ڈی CEO-IESCO E-Kachery اور ٹیلی فون نمبر 051-9253105 پر دیے گئے اوقات کار کے دوران رابطہ کر سکتے ہیں۔ صارفین شکایات کے اندراج کے دوران اپنا نام، بل کا ریفرنس نمبر اور رابطہ نمبر ضرور بتائیں۔